21/04/2026
07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔خبروں کا بلیٹن لےکر مینشیخ یاسین
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ بھارت ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے راستے پر تیزی سے گامزن// لیفٹنٹ گورنر نے2047کے ہدف کو دیاایک قومی عزم قرار۔

*........ وزر اعلیٰ کے ہاتھوں SPDC کی کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے تحت جدید سہولیات سے لیس7ایمبولینس گاڑیاں مختلف علاقوں کےلئے روانہ۔

*........ سیول سروسز کا قومی دن آج

اور

*........ جمونوکشمیر سے عازمین حج کی روانگی کا سلسلہ احسن طریقے پر جا ری۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ بھارت ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے راستے پر تیزی سے گامزن ہے اور2047 کا ہدف محض ایک تاریخ نہیں بلکہ ایک قومی عزم ہے۔
شری بال کر Mahamandaleshwar غازی پور اُتر پردیش میں ایک معروف سماجی کارکن اور انٹر کالج کے بانی وجے بہادر سنگھ جی کے مجسمے کی نقاب کشائی کرنے کے بعد Yati شنا تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا ہمیں ایسا بھارت وجود میں لانے کےلئے کا م کرنا چاہئے جس کا خواب ہمارے مجاہدین آزاد نے دیکھا تھا۔
لیفٹنٹ گورنر نے عوامی خدمت اور قوم کی تعمیر میں وجے بہادر سنگھ کے رول کو اُجاگر کیا اور سبھوں پر زور دیا کہ وہ ان کے اصولوں پر کار فرما رہیں۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سیول سیکریٹریٹ جموں سے جموں وکشمیر کے مختلف اضلاع کےلئے جمونو کشمیر ایس پی ڈی سی کے کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے تحت جدید سہولیات اور طبی آلات سے لیس 7ایمبولینس گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کرروانہ کیا۔
اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس پہل کی بدولت دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں لوگوں کو اعلیٰ معیار کی ایمر جنسی طبی سہولیات دستیاب ہونگی۔ اس موقعے پر صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو اور کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔
اسی دوران وزیر اعلیٰ نے ڈاکٹر روپ لال شرما کی سوانح حیات” مٹی سے مقام تک“ جا ری کی۔ یہ کتاب ڈاکٹر شرما کی بیٹی ڈاکٹر سکاہی شرما نے تحریر کی۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے محکمہ سیاحت کی طرف سے تیار کئے گئے Shishur نامی میگزین کی جموں میں رسم رونمائی انجام دی۔ اس میگزین میں جمونو کشمیر کے گونا گوں سیاحتی وسائل اور محکمہ سیاحت کے جا ری اقدامات کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

عمر ملاقات

متعدد ارکان قانون سازیہ سیول سیکریٹریٹ جموں میں آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقی ہوئے ۔ انہوںنے اپنے اپنے حلقوں کے مسائل اور ترقیاتی ضروریات کو وزیر اعلیٰ کی نوٹس میں لیا۔
وزیر اعلیٰ نے انہیں یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے معاملات کو ترجیحات بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

چودھری
نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کٹرہ، ریاسی اور پونی علاقوں میں سڑک رابطوں کو مستحکم کرنے کےلئے مجموزہ دومیل۔ کٹرہ۔ ریاسی۔ بامبلا سڑک پروجیکٹ کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔
انہوںنے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ اس پروجیکٹ کے ذریعے تمام ملحقہ علاقوں کو سڑک رابطے فراہم کرانے کی ہدایات دیں۔

سیول سروسز
آج سول سروسز کا قومی دن منایاجا رہاہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد ملک کے انتظامی معاملات میں سول سروسز کے افسران کے رول کو اجاگر کرنا ہے ۔
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس دن کے موقعے پرسول سروسز افسرونکو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ جموں کشمیر میں سرکاری معاملات کو احسن طریقے پر انجام دینے کیلئے سول سروسز افسران بنیادی رول اد ا کرتے ہیں۔

جتیندر سنگھ
وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت میں ملک میں حکمرانی کے عمل میں مثبت تبدیلی رونما ہوئی ہے اور بھارت انتظامیہ پر مرکوز حکمرانی سے// عوام دوست حکمرانی کی طرف منتقل ہو گیا ہے۔
وہ نئی دلی میں سیول سروسز ڈے کی مناسبت سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔
--Dr. Jitendra ----

درخشاں
جمونوکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج نئی دلی میں اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو کے ساتھ ملاقات کی اور ان کے ساتھ بورڈ کے اقدامات اور مستقبل کے نقشہ راہ پر تبادلہ خیال کیا۔
ڈاکٹرا اندرابی نے و زیر موصوف کو جمونو کشمیر وقف بورڈ کے کام کاج میں جدت لانے سے متعلق امور سے آگاہ کیا۔ کرن رجیجو نے اختراعی پروجیکٹ شروع کرنے اور بہتر فیصلہ سازی کے لئے انہیں مبارکباد دی۔

حج
سرینگر ہوائی اڈے سے عازمین حج کی حج بیت اللہ کیلئے روانگی کا سلسلہ احسن طریقے پر جاری ہے ۔ واضح رہے کہ اس سال جموں کشمیر حج کمیٹی کے ذریعے سے جموں کشمیر کے چار ہزار7سو عازمین فریضہ حج ادا کر رہے ہیں۔ عازمین کیلئے سعودی عرب میں تمام تر سہولیات دستیاب کرائی جا رہی ہے۔ اس تعلق سے جموں کشمیرسٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
............Dr. Shujat............

نشہ مکت

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں اور سماج سے اس کا قلع قمع کرنے کے لئے پولیس ، انتظامیہ اور مختلف محکمے متحد ہو کر بے مثال کام انجام دے رہے ہیں ۔ اس حوالے سے پیش ہے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا یہ پیغام

----(DRUGS)--LG-----

چکرورتی نے کہا ہے کہ ضلعے میں ڈرگ Sundeep سرینگر کے ایس ایس پی ڈاکٹر جی وی سمگلروں کے خلاف کارروائی سختی سے جا ری رکھے گی اور ضلعے کو عنقریب ہی نشے سے پاک کیا جائے گا۔ سرینگر میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوںنے کہا۔

----Byte-------

ابھیان-1

بارہمولہ میں نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت کئی بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا، جس دوران نوجوانوں کو منشیات کے مضر اثرات سے روشنا کرایا گیا۔

پولیس نے اننت ناگ اور شوپیان سے5 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے۔

پولیس نے ہندواڑہ اور کپواڑہ میں نشہ مکت ابھیان کے تحت کئی بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا اور PCPG میٹنگیں منعقد کیں۔

محکمہ اطلاعات کے کلچر یونٹ کی طرف سے گورنمنٹ ہائی سکول تھید ہارون میں آج منشیات مخالف بیداری پروگرام کا انعقاد کیا ۔ اس موقعے پر اسسٹنٹ ایگزبیشن اینڈ کلچرل آفیسر شکیل شان نے طلباءکو نشے کے مضر اثرات سے آگاہ کر تے ہوئے انہیں اس لعنت سے دور رہنے کی تلقین کی۔

جمونو کشمیر پولیس نے پلوامہ سوپور میں نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت ایک دوڑ اور بیداری مارچ کا انعقاد کیا گیا۔

ابھیان-2

معاملات NDPS گاندربل میں تحقیقاتی افسروں کےلئےDPOپولیس نے نشہ مکت ابھیان کے تحت سے متعلق ایک تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا۔

پولیس اونتی پورہ سے ایک ڈرگ سمگلر کو کچھ نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے۔ پولیس نے گاندربل ضلعے کے مختلف تعلیمی اداروں میں نشہ مخالف بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا۔

پولیس نے تھنا منڈی راجوری میں ایک ڈرگ سمگلر کو کچھ نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا۔

پولیس نے کٹھوعہ میں دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

پونچھ پولیس نے ضلعے کے کئی تعلیم اداروں میں نشہ مکت ابھیان کے تحت بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا۔ کئی تعلیمی اداروں میں وہاں ریلیاں بھی نکالی گئی۔

سانبہ میں پولیس نے ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

ابھیان-3

میں ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اُس کے قبضے سے Rehambalادھمپور پولیس نے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

سانبہ پولیس نے گگوال میں منشیات مخالف بیداری ریلی کا انعقاد کیا۔

ادھمپور پولیس نے ہمدانیہ کالونی نادی ہل بارہمولہ سے تعلق رکھنے والے ایک ڈرگ سمگلر محمد رستم شاہ کی 45لاکھ روپے مالیت کی جائیداد کو اٹیچ کر دیا ہے۔

پونچھ پولیس نے مینڈھر کے سرحد ی علاقے میں نشہ مکت ابھیان کے تحت ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔

بریک
یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سما عت کر سکتے  DTH اور AIR خبر یناپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن
ہیں۔
ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر
شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com
پر بھیج سکتے ہیں ۔
ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔
-----Gong-----

نتائج
جمونو کشمیر بورڈ آفسکول ایجوکیشن کی طرف سے آج جموں صوبے کے ثمر زون کے دسویں
جماعت کے سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔
سرکار کی طرف سے جا ری ایک پریس بیان میں کہا گیاہے کہ اس امتحان میں
کُل50ہزار7سو54 امید وار شامل ہوئے جن میں سے88اعشاریہ8پانچ فیصد امید وار کامیاب قرار
دیئے گئے ۔

مبارکباد
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے امتحان میں شاندار کاکردگی دکھانے والے
اور سبھی کامیاب طالب علموں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔

اکیڈیمی
نارتھ زون کلچرل سینٹر پٹیالہنے جمونوکشمیر کلچرل اکیڈیمی کے باہمی اشتراک سے گلمرگ میں
ویژن بھارت @2047 کے تحت5روزہ نیشنل پینٹنگ کیمپ کا افتتاح کیا۔
گلمرگ پیر زادہ فاروق احمد شاہ مہمان خصوصی جبکہ پرنسپل سیکریٹر MLA اس موقعے پر
کلچر برج موہن شرما مہمان ذی وقار کی حیثیت سے موجود تھے۔
تقریب میں نار تھ زون کلچرل سینٹر پٹیالہ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر رویندر شرما اور کلچرل اکیڈیمی
کے ایڈیشنل سیکریٹری عدیل سلیم نے بھی شرکت کی۔

ادبی تقریب
دریں اثناءکلچرل اکیڈیمی کمپلیکس لالمنڈی میں ایک ادبی تقریب کے دوران ڈاکٹر محمد ادریس کے
کشمیری شعری مجموعے ” برگس برگس کوران وچھ“ کی رسم رنمائی انجام دی گئی۔ ڈاکٹر محمد
ادریس نے بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔
------Dr.Idrees------
اس موقعے پر پروفیسر محمد زمان آزردہ، شبیر احمد شبیر اور ڈاکٹر غلام نبی حلیم بھی موجود
تھے۔
تقریب کے دوران محفوظہ نبی کے شعری مجموعے ”
را

---

>
یم

---

=
ت

ژِیہ‘‘ کی رسم رونمائی بھی انجام دی گئی ۔ اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے محفوظہ نبی نے / آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔
---Mahfooza Nabi---

سیاسیGong
*.......اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔
----Gong----

فاروق عبداللہ
نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر اور سابق وزیر عبدالغنی شاہ ویری کو ان کی11ویں برسی پر خراج عقیدت ادا کرنے کےلئے بجبہاڑہ میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔
ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ تقریب میں نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور دیگر لیڈروں نے شرکت کی جنہوننے عوامی خدمات میں مرحوم کے رول کو اُجاگر کیا ۔
اس دوران ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے پارٹی کے ایک اور سابق لیڈر غلام نبی شاہ کو بھی انکی پہلی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

BJP
بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما کی صدارت میں آج جموں میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں پارٹی سرگرمیوں اور پارٹی کو زمینی سطح پر مضبوط کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔
میٹنگ میں جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول اور کئی دیگر لیڈر موجود تھے۔
جمونو کشمیر اسمبلی کے حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے آج گورنمنٹ ڈگری کالج پاڈر میں طلباءکو با اختیار بنانے کی غرض سے اُن میں لرننگ ٹیبلٹ تقسیم کئے۔اس دوران انہوں نے لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔
بی جے پی جمونو کشمیر کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا کی صدارت میں آج تالاب تلوں مینایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ اس موقعے پر انہوننے کارکنوں کو ہدایت دی کہ وہ پارٹی کو مضبوط کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں۔

خورشید عالم
پی ڈی پی جنرل سیکریٹری محمد خورشید عالم نے جمونو کشمیر ریونیو بھرتی امتحانات میں شامل ہونے کےلئے اُردو زبان کو ہٹانے کے سرکار کے فیصلے کو خطے کی لسانی ثقافت اور تمدنی شناخت کو زک پہنچانے کے مترادف قرار دیا ہے۔
ایک بیان میں انہوننے حکومت سے اس فیصلے پر فوری نظر ثانی کرنے کی درخواست کی ہے۔

پہلگام
اور Shirsatہمارے اننت ناگ کے نمائندے نے خبر د ی ہے کہ مہاراشٹر کے کابینی وزراء کی موجودگی میں آج پہلگام میں پچھلے برس دہشت پسندی کے حملے میں Kadam یوگیش مارے گئے سید عابد حسین شاہ کے لواحقین کےلئے رہائشی مکان کا افتتاح کیا گیا۔
تقریب میں مہاراشٹر کے نائب وزر اعلیٰ ایکناتھ شنڈے نے ورچول طریقے پر شرکت کی۔

الطاف ٹھاکر

بی جے پی جموں کشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے پہلگام میں پچھلے برس دہشت پسندوں کے ایک حملے میں مارے گئے سیاحوں کو خراج عقیدت ادا کیا ہے۔
انہوںنے سوگوار کنبوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس حملے کے بعد پوری قوم دہشت گردی کا خاتمہ کرنے کےلئے متحد ہو گئی۔

PDPبرسی
پیپلز ڈیموکرٹیک پارٹی نے اپنے ایک سابق اور مرحوم لیڈر علی محمد نائیک کو انکی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ سرینگر میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر تنظیمی امور کے جنرل سکریٹری غلام نبی لون ہانجورہ کی صدارت میں منعقدہ ایک تعزیتی اجلاس کے دوران مرحوم کی خدمات کو یاد کیا گیا۔
اس موقعے پر پارٹی کے جنرل محمد خورشید عالم اور دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔

پروگرام
سامعین: جموں کشمیر کے ایک سرکردہ اور مشہور زماں ادیب اور قلمکار پروفیسر شفیع شوق کو حال ہی میں ادب کے میدان میں اپنی گراں قدر خدمات کے صلے میں پدم شری اعزاز سے نوازا گیا ہے۔
آکاشوانی نیوز سرینگر نے پدم شری پروفیسر شفیع شوق کے ساتھ کشمیری ادب اور ان کے ادبی سفر کے بارے میں بات چیت کا ایک سلسلہ شروع کیا ہے۔ پروگرام کا پہلا شمارہ ہمارے یہاں سے آج رات ساڑھے 8بجے نشر ہو گا۔
پروگرام میں ان کے ساتھ شریک گفتگو ہونگے ڈائریکٹر نیوز اور شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔

ریلوے
اب ریل خدمات سے متعلق خبر
----Music----
نادرن ریلوے کے جموں ڈویژن نے جموں کشمیر کے سیر پر آنے والے سیاحوں اور دیگر مسافروں کی سہولت کےلئے جموں راجدھانی ایکسپریس میں اضافی3ACکوچ جوڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔
نادرن ریلوے کے جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر Uchit Singhal نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ سفر کرنے والوں کی آسانی کے لئے اُٹھایا گیا ہے اور مسافر اپنی ٹکٹ بک کرانے کےلئےIRCTCویب سائٹ یا ریلوے ٹکٹ کونٹروں کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔
-----Music------

ACB
اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر نے PWDڈویژن سوپور کے اسسٹنٹ ایگزیکٹیو انجینئر مبارک احمد گنائی کے خلاف رشوت خوری کے ایک معاملے میں سپیشل جج اینٹی کورپشن بارہمولہ کی عدالت میں ایک چارج شیٹ داخل کی ہے۔
ACB نے مذکورہ افسر کو اکتوبر2024میںہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے رنگے ہا تھوں گرفتارکیا تھا۔

موسم
محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت25 اعشاریہ9ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت8اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 52منٹ اور
غروب آفتاب شام7 بجکر7منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔